Question Paper Serial No.

CCE-II-RR/PR/NSR/NSPR(B)/999/8036

**B**

ಜೂನ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 2

**JUNE 2024 EXAMINATION - 2**

# CCE RR/PR/ NSR/NSPR Reduced Syllabus

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 96-U**
**Code No. : 96-U**

ವಿಷಯ : **ಅರ್ಥಶಾಸ್ತ್ರ**

# Subject : ECONOMICS

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)
**(Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 19. 06. 2024 ] [ Date : 19. 06. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

**TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER**

**19. 06. 2024**

Tear here

## طلبہ کیلئے عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 47 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کردیا گیا ہے۔امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتّباع کیجئے)۔ پرچہ کھلونے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹِکٹ میں شائع کیا گیا۔سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ **10 × 1 = 10**

1. پس ماندہ ملک کی اصل خصوصیات ہے

(A) زیادہ شہرکاری

(B) زیادہ ناقص تغذیہ

(C) زیادہ خواندگی

(D) اعلیٰ رہائش کا معیار

2. ہندوستان کی نئی صنعتی پالیسی اس سال لاگو ہوا تھا

(A) 1991

(B) 1990

(C) 1995

(D) 2000

3. ''صنعت کاری یا بربادی'' کہنے والے تھے

(A) دادا بھائی ناؤروجی

(B) مہاتما گاندھی

(C) امرتیہ سین

(D) سریم-ویشیویشوریہ

4. 2013-14 میں، ہندوستان جس کو بیشتر برآمد کیا

(A) جرمنی

(B) پاکستان

(C) یو-ایس-اے

(D) چین

5. تجارت کی خاص درجہ بندی ہے

(A) داخلی اور خارجی تجارت

(B) داخلی اور ہوائی تجارت

(C) داخلی اور بین الریاست تجارت

(D) بازار اور بین الریاست تجارت

6. زراعت کے چوٹی کا بینک ہے

(A) نابارڈ (NABARD)

(B) لینڈ ریفارم بینک

(C) گورنمنٹ بینک

(D) ساہوکار

7. شریش تندولکر کا غربت کی پیمائش کا طریقہ ہے

(A) فی کس آمدنی

(B) فی کس صرف کا خرچ

(C) روزانہ کیلوری اندر لینا

(D) تعلیم اور صحت پر خرچ

8. کرناٹک میں ریلوے کا صدر دفتر واقع ہے

(A) شمال-مشرقی ریلوے

(B) جنوب-مغربی ریلوے

(C) جنوبی ریلوے

(D) شمالی ریلوے

.9 ہندوستان کا ڈاک محکمہ ہے ایک

(A) پبلک سیکٹر ادارہ

(B) پراویٹ سیکٹر ادارہ

(C) مِکسڈ سیکٹر ادارہ

(D) سوشلسٹک سیکٹر ادارہ

.10 آر-بی-آئی ( R. B. I.) کی بنیاد رکھی گئی تھی

(A) یکم اپریل، 1950

(B) یکم مارچ، 1934

(C) یکم اپریل، 1949

(D) یکم اپریل، 1935

**II.** 11. درج ذیل فہرست ''الف'' کا فہرست ''ب'' سے جوڑ ملائیں اور حرف تہجی کے ساتھ لکھیں : **5 × 1 = 5**

| ''الف'' | | ''ب'' | |
|---|---|---|---|
| a) | برّی نقل وحمل | i) | E- میل |
| b) | آبی نقل وحمل | ii) | ہوائی جہاز |
| c) | فضائی نقل وحمل | iii) | معاشی بنیادی ڈھانچہ |
| d) | نظام ابلاغ | iv) | ریلوے |
| e) | انٹرنٹ خدمات | v) | پبلک سیکٹر |
| | | vi) | آبی جہاز |
| | | vii) | ڈاک خدمت |

**III.** مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملہ میں لکھئے : **15 × 1 = 15**

12. ''ایک ملک غریب ہے کیونکہ یہ غریب ہے''، کس نے کہا ؟

13. کسی دو ترقی یافتہ ممالک کے نام بتائیے۔

14. سروس سیکٹر میں چھوٹے پیمانے کے کاروباروں میں سرمایہ لگانے کی حد کتنی ہے ؟

15. صنعت کاری سے کیا مراد ہے ؟

16. کم مدّت والے قرض کی معیاد کتنی ہے ؟

17. صنعتی اسٹیٹس ( Industrial estates ) کیوں قائم کی گئی تھیں ؟

18. متعلقہ غربت کیا ہے ؟

19. بنیادی ڈھانچہ ( Infrastructure ) کے تعریف کیجئے۔

20. کسی دو آبی نقل و حمل کی درجہ بندی کے نام بتائیے۔

21. R.B.I. کرنسی جاری کرنے کی خاطر کس نظام کی اتّباع کرتی ہے ؟

22. R.B.I. کا صدر دفتر کہاں واقع ہے ؟

23. تجارت سے کیا مراد ہے ؟

24. بیرونی زرمبادلہ ( Foreign exchange ) کیا ہے ؟

25. امریکی کرنسی کون سی ہے ؟

26. داخلی تجارت کی تعریف کیجئے۔

**IV.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو تا چار جملوں میں لکھئے : **14 × 2 = 28**

27. ترقی یافتہ ممالک کی خصوصیات کیا ہیں ؟

28. ہندوستان ایک ترقی پذیر ملک کی حیثیت کی وضاحت کیجئے۔

29. غربتی خط (Poverty line) کی تعریف کیجئے۔

30. غربت کے مختلف اقسام کے نام بتائیے۔

31. مہاتما گاندھی کی قومی دیہی روزگار کی گارنٹی پروگرام میں زم ہونے والی موجودہ پروگرام کیا ہیں ؟

32. غریبی خط کی دو گروپوں کا تذکرہ کیجئے۔

33. شہری علاقے کے جاری کردہ غریبی مٹانے کے کیا منصوبے ہیں ؟

34. معاشی ترقی میں ہندوستان کے صنعتوں کی اہمیت کی وضاحت کیجئے۔

35. FEMA (FERA) کے کیا مقاصد ہیں ؟

36. چھوٹے پیمانے کی صنعتوں کی کیا مسائل ہیں ؟

37. صنعتوں کی بنیاد پر مختلف سرمایہ کاری کا عمل کی درجہ بندی کا تذکرہ کیجئے۔

38. ہندوستان میں کتنے اقسام کے نقل وحمل ہیں ؟

39. R.B.I. کی علاقائی شاخوں کی بنیاد کہاں رکھی گئی ہیں ؟

40. R.B.I. کے دو اصل کام کاج لکھئے۔

**V. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات پانچ تا چھ جملوں میں لکھئے :** $6 \times 3 = 18$

41. غریبی کے موذی سرکل کو مطالبہ اور مہیّا سے متعلقہ کی سمت میں وضاحت کیجئے۔

42. 1991 کے نئے صنعتی پالیسی ( New Industrial policy ) کی اصل خصوصیات کا تذکرہ کیجئے۔

43. زراعت اور دیہی ترقی بینک ( NABARD ) کے اہم کام کاج کیا ہیں ؟

44. R.B.I. کے ٹریننگ ادارے ( Training institutions ) کون ہیں ؟

45. ہندوستان میں غربت کے وجوہات کا تذکرہ کیجئے۔

46. بیرونی تجارت کی کیا افادیت ہیں ؟

**VI.** درج ذیل سوال آٹھ سے دس جملوں میں جواب دیں : **1 × 4 = 4**

47. چھوٹے پیمانے کی صنعتوں کی اہمیت کیا ہے ؟

DO NOT WRITE ANYTHING HERE